رسول اللہ ﷺ نے ان سے شادی کی تو آپ اس وقت حلال تھے

یزید بن اصم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ام المؤمنین میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے شادی کی تو آپ اس وقت حلال تھے وہ کہتے ہیں کہ میمونہ رضی اللہ عنہا میری بھی خالہ تھیں اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی بھی

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

یزید بن اصم نے یہ بات ذکر فرمائی کہ ام المؤمنین میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے نکاح کیا تو اس وقت آپ نے احرام کھول کر حلال ہوچکے تھے اور آپ ﷺ نے ان سے نکاح کے دوران کسی حج یا عمرے کا احرام نہیں پہنا تھا پھر یزید بن اصم، میمونہ رضی اللہ عنہا سے اپنی رشتے داری کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ جس طرح وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خالہ تھیں، ان کی بھی خالہ تھیں، جس سے یہ دلیل ملتی ہے کہ وہ قصہ بیان کرنے والی ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کے قریبی رشتے دار تھے اور آپ نے احرام میں نہیں تھے،جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا خیال ہے (کہ آپ احرام میں تھے)

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/58074